© rasailojaraid.com

# مسافرانِ آخرت

☆ مولانا محمد اسحٰق سلیمی رحمہ اللہ: مجلس احرارِ اسلام کے سابق ناظم اعلیٰ مولانا محمد اسحٰق سلیمی ۲۹/ اپریل ۲۰۰۳ء بروز منگل انتقال فرما گئے۔ مولانا مرحوم ۱۹۵۵ء میں مجلس احرارِ اسلام سے منسلک ہوئے۔ ابتداء میں کچھ عرصہ مجلس تحفظِ ختم نبوت میں بھی بحیثیت مبلغ کام کیا۔ احرار کے ترجمان روزنامہ ''نوائے پاکستان'' سے بھی منسلک رہے۔ مسجد احرار چناب نگر کے قیام (۱۹۷۶ء) میں بھی گراں قدر خدمات انجام دیں۔ مشکل وقت میں جماعت کے لیے اُن کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

☆ مولانا عبدالرحیم اشعر رحمہ اللہ: عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت کے سابق ناظم اعلیٰ مولانا عبدالرحیم اشعر ۲۲/ مئی ۲۰۰۳ء بروز جمعرات بستی عنایت پور (جلال پور پیروالا) میں انتقال کر گئے مرحوم طویل عرصہ سے علیل تھے۔ جانشین امیر شریعت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ اور جامعہ خیر المدارس ملتان کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق مدظلہ کے زمانہ طالب علمی کے ساتھی تھے۔ حضرت ابوذر بخاری رحمہ اللہ سے بہت محبت و تعلق رہا۔ انہوں نے تعلیم سے فراغت کے بعد علمی و ادبی سرگرمیاں ''نادیۃ الادب الاسلامی'' کے عنوان سے شروع کیں تو مولانا مرحوم اُن کے رفیق فکر تھے۔ مولانا کے نام کے ساتھ ''اشعر'' کا اضافہ حضرت ابوذر بخاریؒ نے ہی تجویز کیا جو انھوں نے قبول کر لیا۔ ایک متبحر عالمِ دین، محقق محاسبۂ مرزائیت پر کامل عبور رکھنے والے انتہائی باصلاحیت انسان تھے۔ چند ماہ قبل اپنی بستی میں مدرسہ کا جلسہ منعقد کیا تو امیر احرار ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کو خصوصی طور پر مدعو کیا۔ بہت شفیق اور مہربان شخصیت تھے حقیقت میں وہ باقیاتِ اسلافِ احرار تھےؒ۔

☆ مولانا اللہ وسایا قاسم رحمہ اللہ: معروف جہادی رہنما مولانا اللہ وسایا قاسم ۱۰/ اپریل ۲۰۰۳ء بروز ہفتہ اسلام آباد سے ملتان آتے ہوئے شورکوٹ کے قریب ٹریفک کے ایک حادثے میں شہید ہو گئے۔ دوستوں کا دوست، درویش خدا مست، خلوص کا پیکر، محبتوں کا خوگر اور باوفا انسان' شوق شہادت میں تمام عمر جہاد میں گزاری۔ افغانستان و کشمیر اور تاجکستان کے جہادی معرکوں میں سرگرم رہے۔ بہت ہی پیارا انسان جو بہت ہی پیاری یادیں چھوڑ کر دوستوں سے بچھڑ گیا

☆ والدہ ماجدہ مرحومہ قاری محمد حنیف جالندھری: جامعہ خیر المدارس ملتان کے مہتمم قاری محمد حنیف جالندھری صاحب کی والدہ ماجدہ ۱۲/ ربیع الاوّل ۱۴۲۴ھ مطابق ۱۵/ مئی ۲۰۰۳ء بروز جمعرات ملتان میں انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ انتہائی صالحہ خاتون تھیں قاری صاحب کے بقول اُن کی نیکی، للہیت، تقویٰ اور دعاؤں کا ثمر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

خدمتِ دین کے لیے قبول کرلیا۔

☆ مولانا جان محمد عباسی مرحوم: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان ۲۹/اپریل ۲۰۰۳ء کو انتقال کر گئے

☆ ہمشیر مرحومہ، حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ

☆ ولی محمد واجد مرحوم: (سابق سٹاف رپورٹر روزنامہ امروز ملتان) ۲/مئی ۲۰۰۳ء

☆ محمد فاضل خان مرحوم: راولاکوٹ، آزاد کشمیر میں ہمارے قدیم مہربان ۱۵/مارچ ۲۰۰۳ء

☆ شفیق احمد شاہد مرحوم: داماد شیخ حسین اختر لدھیانوی ملتان ۹/مئی ۲۰۰۳ء بروز جمعہ۔

☆ چودھری محمد اسلم مرحوم: برادر محترم چودھری محمد اکرام صاحب لاہور۔ مجلس احرارِ اسلام کے قدیمی کارکن تھے۔

☆ اہلیہ مرحومہ حافظ عبدالغفور: حافظ محمد اکرم احرار (میراں پور، میلسی) کے برادرِ نسبتی حافظ عبدالغفور کی اہلیہ مرحومہ ۲۹/اپریل ۲۰۰۳ء

☆ محمد حسن مرحوم: فیصل آباد کے احرار کارکن محمد معاویہ صاحب کے نومولود فرزند ۲۲/اپریل ۲۰۰۳ء

☆ محمد سکندر مرحوم: ۱۰/اپریل ۲۰۰۳ء کو حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے کچا کھوہ، ضلع خانیوال میں انتقال کر گئے۔ مرحوم (''ماہنامہ نقیب ختم نبوت'' کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے مہربان دوست تھے) اوران کے ہمسایہ خدا بخش کے داماد تھے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ ادارہ نقیبِ ختم نبوت کے تمام اراکین مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کے درجات بلند فرمائے اور حسنات قبول فرما کر جوارِ رحمت میں اعلیٰ جگہ عطا فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

☆ حضرت حکیم حافظ عبدالرشید صاحب (والدِ ماجد جناب عبداللطیف خالد چیمہ صاحب)

☆ محمد سفیان قادر قریشی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، مبین مارکیٹ، گلگشت ملتان ☆ والدہ ماجدہ اللہ رکھا صاحب، ملتان

☆ محمد امین صاحب، ملتان ☆ حکیم حافظ عطا یزدانی صاحب ملتان ☆ اہلیہ جام عبدالستار منڈھیرا (ماہڑہ، مظفر گڑھ) ☆ جناب جاوید شیخ، ملتان ☆ حافظ محمد فاروق، ملتان

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی شفایابی کے لیے خصوصی دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے (آمین)


© rasailojaraid.com